# دُرُودِ اکسیرِ اعظم

مُصنّفہ

سُلطان الواصِلین، کنزُ الحقائق، قُطبُ الاقطاب

غوثِ اعظم حضرت سیّدنا شیخ عبدُ القادرِ جیلانی رضی اللہ عنہ

(٤٧٠ھ – ٥٦١ھ)

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۶۲﴾ سورۃ یونس

خبردار! بیشک اولیاء اللہ پر نہ کوئی خوف ہے اور نہ وہ رنجیدہ وغمگیں ہوں گے

## حضور غوث پاک رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے مختصر حالات

سرکارِبغداد حضورِ غوث پاک رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کااسم مبارک''عبدالقادر''آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی کنیت ''ابومحمد''اورالقابات ''محی الدین، محبوبِ سبحانی، غوثُ الثقلین، غوثُ الاعظم''وغیرہ ہیں،آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ 470ھ میں بغدادشریف کے قریب قصبہ جیلان میں پیدا ہوئے اور 561ھ میں بغدادشریف ہی میں وصال فرمایا،آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا مزارِپُرانوار عراق کے مشہورشہربغدادشریف میں ہے۔
(بہجۃالاسرارومعدن الانوار،ذکرنسبہ وصفتہ، ص171،الطبقات الکبرٰی للشعرانی،ابو صالح سیدی عبدالقادرالجیلی،ج1،ص178)

## آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ مستجاب الدعوات تھے

شیخ ابو محمدالداربانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں:''سیدنا عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ مستجاب الدعوات تھے (یعنی آپ کی دعائیں قبول ہوتی تھیں)۔اگر آپ کسی شخص سے ناراض ہوتے تو اللہ عزوجل اس شخص سے بدلہ لیتا اور جس سے آپ خوش ہوتے تو اللہ عزوجل اس کو انعام و اکرام سے نوازتا، ضعیف الجسم اور نحیف البدن ہونے کے باوجود آپ نوافل کی کثرت کیا کرتے اور ذکر واذکار میں مصروف رہتے تھے۔آپ اکثر امور کے واقع ہونے سے پہلے اُن کی خبر دے دیا کرتے تھے اور جس طرح آپ ان کے رونما ہونے کی اطلاع دیتے تھے اسی طرح ہی واقعات روپذیر ہوتے تھے۔( بہجۃالاسرار،ذکر نسبہ،وصفتہ،رحمۃاللہ تعالیٰ علیہ،ص172)

## تیرہ علوم میں تقریر فرماتے

امام ربانی شیخ عبدالوہاب شعرانی اورشیخ المحدثین عبدالحق محدث دہلوی اور علامہ محمد بن یحیٰی حلبی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم تحریر فرماتے ہیں کہ '' حضرت سیدناشیخ عبدالقادرجیلانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ تیرہ علوم میں تقریر فرمایا کرتے تھے۔ایک جگہ علامہ شعرانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ''حضورِغوثِ پاک رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے مدرسہ عالیہ میں لوگ آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے تفسیر، حدیث، فقہ اورعلم الکلام پڑھتے تھے، دوپہر سے پہلے اور بعد دونوں وقت لوگوں کوتفسیر، حدیث، فقہ، کلام ، اصول اور نحو پڑھاتے تھے اور ظہر کے بعد قراءتوں کے ساتھ قرآن مجید پڑھاتے تھے۔ (بہجۃالاسرار،ذکرعلمہ وتسمیۃ بعض شیوخ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ،ص225)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصۡحَابِہٖ وَ اَوۡلَادِہٖ وَ اَزۡوَاجِہٖ وَ ذُرِّیَّتِہٖ وَ اَھۡلِ بَیۡتِہٖ وَ اَصۡھَارِہٖ وَ اَنۡصَارِہٖ وَ اَشۡیَاعِہٖ وَ اُمَّتِہٖ وَ عَلَیۡنَا مَعَھُمۡ اَجۡمَعِیۡنَ یَا اَرۡحَمَ الرَّاحِمِیۡنَ

حضور نبی کریم سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھنا اہل ایمان کے لئے دنیا و آخرت کی کامیابی کا ضامن ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم مومنین پر رؤف و رحیم ہیں آپ نے مسلمانوں کو زیادہ سے زیادہ درود شریف پڑھنے کی ترغیب فرمائی ہے۔ حدیث میں ہے کہ:

’’حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میں آپ پر کثرت سے درود پڑھتا ہوں تو آپ پر درود شریف کے لیے کتنا وقت مقرر کروں؟ فرمایا: جس قدر تم چاہو، میں نے عرض کیا: چوتھا حصہ؟ فرمایا: جس قدر تم چاہو، اگر زیادہ کرو تو بہتر ہے، عرض کیا: نصف؟ فرمایا: جس قدر تم چاہو، اگر زیادہ کرو تو بہتر ہے، میں نے کہا: دو تہائی وقت؟ فرمایا: جس قدر تم چاہو اور اگر زیادہ کرو تو بہتر ہے، عرض کیا: میں اپنا تمام وقت (یعنی وظائف کا وقت) آپ پر درود بھیجنے کے لیے مقرر کرتا ہوں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ تمہارے غموں کو کفایت کرے گا اور تمہارے گناہ بخش دیئے جائیں گے‘‘۔

(سنن ترمذی (۲۴۵۷) امام ترمذی نے اس حدیث کو حسن صحیح کہا ہے۔ مسند احمد (۱۳۶/۵) مستدرک حاکم (۴۲۱/۲) حاکم نے اسے صحیح کہا ہے اور امام ذہبی نے ان کی تائید کی ہے اور ہیثمی کا بیان ہے کہ اس حدیث کو امام احمد نے نقل کیا ہے اور اس کی سند جید ہے)

دوسری حدیث جو حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

’’جو شخص مجھ پر ایک بار درود بھیجے اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل فرماتا ہے اور اس درود کی برکت سے اس کے دس گناہ مٹا دیتا ہے اور اسکے سبب سے اس کے دس درجات بلند فرماتا ہے‘‘۔

(حدیث صحیح : رواہ احمد (۲۶۱/۳) وابن حبان (۳۳۹۰) والحاکم (۵۵۰/۱))

ان دو ہی احادیث شریفہ پر اکتفا کیا جاتا ہے جن کو مزید فضائل درود شریف پر احادیث دیکھنا ہو وہ علمائے اہل سنت کی کتابوں کا مطالعہ کرے۔

احادیث شریفہ سے یہ معلوم ہوگیا کہ درود شریف اللہ سبحانہ تعالیٰ اور اس کے حبیب کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو راضی کرنے کا ذریعہ ہے۔ اسی مقصد کے پیش نظر دورِ تابعین سے لے کر موجودہ دور تک علمائے حق نے درود شریف کے فضائل و برکات پر نہایت ہی پر انوار کتابیں لکھی ہیں اور اولیائے کرام فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف کی کثرت حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت و معیت سے سرفراز کرتی ہے۔

**دور داکسیر اعظم** جس کو نائب رسول اللہ، امام الاولیاء، قطب الدارین، غوث الاعظم، سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تصنیف فرمایا ہے۔ اس کے انوار و برکات کو اہل بصیرت ہی جان سکتے ہیں۔ حضور غوث الاعظم رضی اللہ عنہ نے اس درود شریف کی شکل میں مومنین کو ذریعہ قرب کا عظیم تحفہ عطا فرمایا ہے، لہٰذا مومنین اس اصول و ترتیب کے ساتھ بارگاہِ رسالت میں درودِ پاک پیش کرتے رہیں۔ اس درود شریف میں آپ رضی اللہ عنہ نے ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر الگ الگ صیغوں سے درود کے ساتھ ایک جامع دعاء فرمائی ہے، گویا اس درود شریف کو ایک بار پڑھنا ایک سو ایک مرتبہ درود شریف پڑھنے کے ساتھ ایک سو ایک مرتبہ دعاء کرنے کے برابر ہے۔ اس درود شریف کے پڑھنے والے حضرات خود اس کے انوار و برکات کا مشاہدہ کریں گے۔

وَمَا تَوْفِيْقِىْ اِلَّا بِاللّٰهِ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ○



# درودِ اکسیرِ اعظم

مُصنّفہ

سُلطان الواصلین، کنزُ الحقائق، قُطبُ الاقطاب

## غوثِ اعظم حضرت سیّدنا شیخ عبدُ القادرِ جیلانی رضی اللہ عنہ

ترجمہ

مُفسّرِ قرآن پیر محمّد کرم شاہ ازہری رحمۃ اللہ علیہ

(صاحبِ تفسیر ضیاء القرآن)

# دُرُودِ اکسیرِ الاعظم لسیّدنا غوث الاعظم رضی اللہ عنہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ

ہم حمد کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کی اور درود بھیجتے ہیں اُس کے رسولِ کریم پر۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَقَبَّلُ بِهَا

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود جس کی برکت سے قبول کرے

دُعَآئَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً

تو ہماری دعا ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایسا درود کہ

تَسْمَعُ بِهَا اسْتِغَاثَتَنَا وَنِدَآءَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

سنے تو اس کی برکت سے ہماری فریاد اور ہماری پکار ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا

وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُسَلِّمُ بِهَا اِيْمَانَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ سلامت رکھے تو اس کی برکت سے ہمارا ایمان ۔ اے اللہ

عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُقَوِّىْ بِهَا اِيْقَانَنَا

درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ مضبوط کرے تو اس کی برکت سے ہمارے یقین کو

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَغْفِرُ بِهَا

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کے بخش دے تو اس کی برکت سے ہمارے

ذُنُوْبَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً

گناہ ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ ڈھانپ لے

تَسْتُرُ بِهَا عُيُوْبَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا

تو اس کی برکت سے ہمارے عیبوں کو ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَحْفَظُنَا بِهَا مِنِ اكْتِسَابِ السَّيِّئَاتِ

محمد پر ایسا درود کہ حفاظت فرمائے تو ہماری اس کی برکت سے گناہوں کے ارتکاب سے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُوَفِّقُنَا

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایسا درود کہ توفیق

بِهَا لِعَمَلِ الصّٰلِحٰتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا

عطا فرمائے ہمیں اس کی برکت سے نیک کاموں کی ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُفْلِحُ بِهَا عَمَّا يُرْدِيْنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ

محمد پر ایسا درود کہ نجات دے اس کی برکت سے اس چیز سے جو ہلاک کردے ہمیں ۔ اے اللہ

**عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَکْسِبُ بِهَا مَا**

درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ نصیب کرے تو اس کی برکت سے ہماری

**یُنْجِیْنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ**

نجات ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ دور ہٹادے

**صَلٰوۃً تُجَنِّبُ بِهَا عَنَّا الشَّرَّ کُلَّهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی**

تو اس کی برکت سے ہم سے ہرقسم کے شرکو ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی

**سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَمْنَحُنَا بِهَا الْخَیْرَ کُلَّهٗ**

محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایسا درود کہ عطا فرمائے تو ہمیں اُس کی برکت سے ہرقسم کی خیر

**اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُحَسِّنُ**

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایسا درود کہ اچھے

**بِهَا اَخْلَاقَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ**

بنادے تو اس کی برکت سے ہمارے اخلاق ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر

**صَلٰوۃً تُصْلِحُ بِهَا اَحْوَالَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا**

ایسا درود کہ درست کرے تو اس کی برکت سے ہمارے حالات کو ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے

**وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَعْصِمُنَا بِهَا عَنِ الْمَعْصِیَةِ**

آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ بچالے تو اس کی برکت سے ہمیں گناہوں اور

وَالْغَوَايَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً

گمراہی سے ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ

تَرْزُقُنَا بِهَا اِتِّبَاعَ السُّنَّةِ وَالْجَمَاعَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

عطا فرمائے تو ہمیں اُس کی برکت سے سنت و جماعت کی پیروی ۔ اے اللہ درود بھیج

سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُبَعِّدُنَا بِهَا مِنْ اقْتِرَانِ

ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ دور کردے تو ہمیں اُس کی برکت سے آفتوں کے

الْاٰفَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ

نزدیک ہونے سے ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ

صَلٰوةً تَكْلَأُنَا بِهَا عَنِ الزَّلَّاتِ وَالْهَفَوَاتِ اَللّٰهُمَّ

حفاظت کرے تو ہماری اس کی برکت سے لغزشوں اور خطاؤں سے ۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُحَصِّلُ بِهَا

درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ میسر کرے تو اُس کی برکت سے

اٰمَالَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً

ہماری امیدیں ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ

تُخَلِّصُ بِهَا لَكَ اَعْمَالَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا

خالص بنادے تو اسکی برکت سے اپنے لئے ہمارے اعمال کو۔اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی

مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَجْعَلُ بِهَا التَّقْوٰی زَادَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی

محمد پر ایسا درود کہ بنادے تو اس کی برکت سے تقویٰ کو ہمارا زادِ راہ ۔ اے اللہ

سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَزِیْدُ بِهَا فِیْ دِیْنِكَ اجْتِهَا

درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ زیادہ کردے تو اس کی برکت سے اپنے دین

دَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَرْزُقُنَا

میں ہماری کوشش ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ نصیب کرے تو

بِهَا الْاِسْتِقَامَةَ فِیْ طَاعَتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

ہمیں اس کی برکت سے استقامت اپنی اطاعت پر ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے

وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَمْنَحُنَا بِهَا الْاُنْسَ بِعِبَادَتِكَ اَللّٰهُمَّ

نبی محمد پر ایسا درود کہ بخش دے تو ہمیں اس کی برکت سے اُنس اپنی عبادت کے ساتھ ۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُحَسِّنُ بِهَا نِیَّتَنَا اَللّٰهُمَّ

درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ اچھا بنادے تو اسکی برکت سے ہماری نیتوں کو۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُحَسِّنُ بِهَا اِخْلَاصَنَا

درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ اچھا بنادے تو اسکی برکت سے ہمارے اخلاص کو

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَمْنَحُنَا

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایسا درود کہ پوری فرمادے تو اس کی برکت

بِهَا اُمْنِيَّتَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ

سے ہماری آرزو ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ پناہ

صَلٰوةً تُجِيْرُنَا بِهَا مِنْ شَرِّ الْاِنْسِ وَالْجَانِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

دے تو ہمیں اسکی برکت سے انسانوں اور جنوں کے شر سے ۔ اے اللہ

عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعِيْذُنَا بِهَا مِنْ

درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایسا درود کہ پناہ دے تو ہمیں اسکی برکت سے

شَرِّ النَّفْسِ وَالشَّيْطَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا

نفس اور شیطان کے شر سے ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَحْفَظُنَا بِهَا مِنَ الذِّلَّةِ وَالْقِلَّةِ اَللّٰهُمَّ

محمد پر ایسا درود کہ حفاظت کرے تو ہماری اسکی برکت سے ذلت اور قلت سے ۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعِيْذُنَا بِهَا مِنَ

درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ پناہ دے تو ہمیں اس کی برکت سے دل کی سختی اور غفلت

الْقَسْوَةِ وَالْغَفْلَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ

سے ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایسا درود

صَلٰوةً تَحْفَظُنَا بِهَا عَمَّا يَشْغَلُنَا عَنْكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

کہ محفوظ رکھے تو ہمیں اس کی برکت سے اس چیز سے جو ہمیں تجھ سے دور کردے ۔ اے اللہ درود بھیج

سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُوَفِّقُنَا بِهَا لِمَا تُقَرِّبُنَا

ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ توفیق عطا فرمائے تو ہمیں اس کی برکت سے اُن

مِنْكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً

کاموں کی جو ہمیں تجھ سے نزدیک کردیں۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر

تَجْعَلُ بِهَا سَعْیَنَا مَشْكُوْرًا وَّ عَمَلَنَا مَقْبُوْلًا اَللّٰهُمَّ

ایسا درود کہ بنادے تو اس کی برکت سے ہماری کوشش کو مشکور اور ہمارے عمل کو مقبول۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَمْنَحُنَا بِهَا عِزًّا

درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ عطا فرمائے تو ہمیں اس کی برکت سے

وَّقَبُوْلًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً

عزت و مقبولیت ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ

تَقْطَعُ بِهَا عَمَّنْ سِوَاكَ اِحْتِیَاجَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی

منقطع کردے تو اس کی برکت سے اپنے ماسوا سے ہماری حاجتوں کو۔اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا

سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُدِیْمُ بِهَا بِنَعْمَآئِكَ

اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ دائم کردے تو اس کی برکت سے اپنی نعمتوں کے ساتھ ہماری

اِبْتِهَاجَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً

خوشی کو ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ

تَکُوْنُ بِهَا فِیْ جَمِیْعِ اُمُوْرِنَا وَکِیْلًا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

بن جائے تو اُس کی برکت سے ہمارے سارے کاموں میں وکیل ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور

سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَکُوْنُ بِهَا لِقَضَآءِ حَوَآئِجِنَا

ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ ہوجائے تو اس کی برکت سے ہماری حاجتوں کو پورا کرنے والا۔

کَفِیْلًا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ

تُعِیْذُنَا بِهَا مِنْ جَمِیْعِ الْبَلَایَا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

پناہ دے تو ہمیں اس کی برکت سے ہر قسم کی بلاؤں سے ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا

وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَمْنَحُنَا بِهَا جَزِیْلَ الْعَطَایَا

اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ مرحمت فرمائے تو ہمیں اس کی برکت سے بہترین عطیات ۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَرْزُقُنَا

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ نصیب کرے

بِهَا عَیْشَ الرُّغَدَآءِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا

تو ہمیں اس کی برکت سے خوشحالوں کی زندگی ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد

مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَمْنَحُنَا بِهَا عَیْشَ السُّعَدَآءِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

پر ایسا درود کہ مرحمت فرمائے تو ہمیں اس کی برکت سے سعادت مندوں کی زندگی ۔ اے اللہ درود بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُسَهِّلُ بِهَا عَلَيْنَا جَمِيْعَ

ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ تو آسان فرمادے اُس کی برکت سے ہم پر

الْاُمُوْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُدِيْمُ

سارے کام ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ ہمیشہ

بِهَا بَرْدَ الْعَيْشِ وَالسُّرُوْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا

قائم رکھے تو اس کی برکت سے عیش ومسرت کی ٹھنڈک ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُبَارِكُ بِهَا فِيْمَا اَعْطَيْتَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

محمد پر ایسا درود کہ برکت ڈالے تو اس کی برکت سے اس چیز میں جو تو نے ہمیں عطا فرمائی ۔ اے اللہ درود

سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْنَحُنَا بِهَا الرِّضَاءَ بِمَا

بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ عطا فرمائے تو ہمیں اسکی برکت سے رضا ان چیزوں کے ساتھ جو تو نے

اٰتَيْتَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُزَكِّيْ

ہمیں دی ہیں ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ پاک کردے

بِهَا عَنِ الْهَوٰى نُفُوْسَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا

اسکی برکت سے خواہش سے ہمارے نفسوں کو ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُطَهِّرُ بِهَا عَمَّنْ سِوَاكَ قُلُوْبَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ

محمد پر ایسا درود کہ پاک کردے تو اس کی برکت سے اپنے ماسوا سے ہمارے دلوں کو ۔ اے اللہ

عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُصَغِّرُ بِهَا الدُّنْيَا فِي عُيُوْنِنَا

درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ حقیر بنادے تو اسکی برکت سے دنیا کو ہماری نگاہوں میں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعَظِّمُ بِهَا

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ تو عظیم بنادے اس کی برکت سے

جَلَالَكَ فِي قُلُوْبِنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ

اپنی شان جلالی کو ہمارے دلوں میں۔اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر

صَلٰوةً تُرْضِيْنَا بِهَا بِقَضَائِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا

ایسا درود کہ راضی کردے تو ہمیں اسکی برکت سے اپنی قضا کے ساتھ۔اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُوْزِعُنَا بِهَا شُكْرَ نَعْمَائِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

محمد پر ایسا درود کہ توفیق بخشے تو ہمیں اس کی برکت سے اپنی نعمتوں کا شکر ادا کرنے کی۔ اے اللہ

عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُصَحِّحُ بِهَا تَوَكُّلَنَا وَاعْتِمَادَنَا

درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ درست کردے تو اسکی برکت سے ہمارا توکل اور ہمارا اعتماد

عَلَيْكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُحَقِّقُ

اپنی ذات پر۔اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ پختہ کردے

بِهَا وُثُوْقَنَا وَالْتِجَاءَنَا اِلَيْكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا

تو اس کی برکت سے ہمارا اعتماد اور ہماری التجا اپنی طرف۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی

مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَرْضِیْكَ وَتُرْضِیْهِ وَتَرْضٰی بِهَا عَنَّا اَللّٰهُمَّ

محمد پر ایسا درود جو راضی کردے تجھے اور راضی کردے اسے اور تو راضی ہو جائے اسکی برکت سے ہم سے۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُجِیْرُنَا بِهَا مَا فَاتَ

درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ تلافی کردے تو اس کی برکت سے جو فوت ہو گیا

مِنَّا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُعِیْذُنَا بِهَا

ہے ہم سے۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ پناہ دے تو ہمیں اس کی

مِنَ الْعُجُبِ وَالرِّیَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ

برکت سے غرور اور ریاء سے اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ

صَلٰوۃً تَحْفَظُنَا بِهَا مِنَ الْحَسَدِ وَالْكِبْرِیَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی

حفاظت کرے تو ہماری اس کی برکت سے حسد اور تکبر سے۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی

سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُكَسِّرُ بِهَا شَهْوَاتِنَا اَللّٰهُمَّ

محمد پر ایسا درود کہ توڑ دے تو اس کے ساتھ ہماری نفسانی خواہشوں کو۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُجْزِءُ بِهَا عَادَاتِنَا

درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ محمود کردے تو اس کی برکت سے ہماری عادتوں کو۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَصْرِفُ بِهَا

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ پھیر دے تو اس کی برکت سے

عَنِ الدُّنْيَا وَلَذَّاتِهَا قُلُوْبَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا

ہمارے دلوں کو دنیا سے اور اس کی لذتوں سے۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَجْمَعُ بِهَا فِى الْاِشْتِيَاقِ اِلَيْكَ هُمُوْمَنَا اَللّٰهُمَّ

محمد پر ایسا درود کہ جمع کردے تو اس کی برکت سے ہماری سوچوں کو اپنے شوق کی طرف۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُوْحِشُنَا بِهَا عَمَّنْ سِوَاكَ

درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ دل برداشتہ کردے تو اس کی برکت سے ہمیں اپنے ماسوا سے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُوْنِسُنَا بِهَا

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ مانوس کردے تو ہمیں اسکی برکت سے

بِقُرْبِ وَلَائِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ

اپنی دوستی کے قرب سے ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر

صَلٰوةً تُقِرُّ بِهَا فِىْ مُنَاجَاتِكَ عُيُوْنَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

ایسا درود کہ ٹھنڈا کردے تو اس کی برکت سے ہماری آنکھوں کو اپنی مناجات میں ۔ اے اللہ درود بھیج

وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُحَسِّنُ بِهَا بِكَ ظُنُوْنَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ اچھا بنادے تو اسکی برکت سے اپنے ساتھ ہمارے گمانوں کو۔اے اللہ درود بھیج ہمارے

سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَشْرَحُ بِهَا بِمَعْرِفَتِكَ صُدُوْرَنَا

آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ کھول دے تو اسکی برکت سے اپنی معرفت کے ساتھ ہمارے سینوں کو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُدِیْمُ بِھَا فِیْ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ پائیدار بنادے تو اس کی برکت سے اپنے

ذِکْرِكَ وَفِکْرِكَ سُرُوْرَنَا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ

ذکر اور فکر میں ہماری مسرت کو ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر

صَلٰوۃً تَرْفَعُ بِھَا عَنْ قُلُوْبِنَا الْحُجُبَ وَالْاَسْتَارَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

ایسا درود کہ اٹھادے تو اس کی برکت سے ہمارے دلوں سے حجاب اور پردے۔ اے اللہ درود بھیج

عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَمْنَحُنَا بِھَا شُھُوْدَكَ فِیْ جَمِیْعِ

ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ عطا فرمائے تو ہمیں اس کی برکت سے اپنا مشاہدہ

الْاٰثَارِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَقْطَعُ بِھَا

تمام آثار میں ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ منقطع کردے

حَدِیْثَ نُفُوْسِنَا بِاَعْلَامِكَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا

تو اسکی برکت سے ہمارے نفسوں کے وسوسے اپنی نشانیوں کے ساتھ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی

مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُبَدِّلُ بِھَا ھَوَاجِسَ قُلُوْبِنَا بِاِلْھَامِكَ اَللّٰھُمَّ

محمد پر ایسا درود کہ تبدیل کردے تو اسکی برکت سے ہمارے دلوں کے افکار کو اپنے الہام کے ساتھ۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُفِیْضُ بِھَا عَلَیْنَا

درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ اُنڈیلے تو اس کی برکت سے ہم پر اپنی محبت کے

جَذَبَاتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً

جذبات ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ شامل کرلے تو ہمیں اس کی

تَشْمِلُنَا بِهَا بِنَفَحَاتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ

برکت سے اپنی خوشبوؤں کے ساتھ ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ

صَلٰوةً تُحِلُّنَا بِهَا مَنَازِلَ السَّارِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

اُتارے ہمیں اس کی برکت سے ان لوگوں کی منازل پر جو تیری طرف گرم سیر ہیں۔ اے اللہ درود بھیج

وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَرْفَعُ بِهَا مَنْزِلَتَنَا وَمَكَانَتَنَا لَدَيْكَ

ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ بلند کرے تو اسکی برکت سے ہمارے مرتبہ اور شان کو اپنی جناب میں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَسْحَقُ بِهَا فِيْ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ مٹادے تو اس کی برکت سے اپنے

اِرَادَتِكَ اٰمَالَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً

ارادہ میں ہماری آرزوؤں کو ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ

تَمْحَقُ بِهَا فِيْ اَفْعَالِكَ اَفْعَالَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا

محو کردے تو اس کی برکت سے ہمارے افعال کو اپنے افعال میں ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُفْنِيْ بِهَا فِيْ صِفَاتِكَ صِفَاتِنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ فنا کردے تو اس کی برکت سے ہماری صفتوں کو اپنی صفات میں۔ اے اللہ درود بھیج

سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْحُوْ بِهَا فِيْ ذَاتِكَ ذَوَاتِنَا اَللّٰهُمَّ

ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ محو کر دے تو اسکی برکت سے ہماری ذاتوں کو اپنی ذات میں۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُحَقِّقُ بِهَا اِلَيْكَ لِقَائَنَا

درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ یقینی بنادے تو اسکی برکت سے اپنی طرف ہماری ملاقات کو۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُدِيْمُ بِهَا بِتَوَاتُرِ اَنْوَارِكَ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ تو دائمی بنادے اسکی برکت سے اپنے انوار کے پے در پے

صَفَائَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَسْلُكُنَا

نزول کے ساتھ ہماری صفائی۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ تو گامزن

بِهَا مَسْلَكَ اَوْلِيَائِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ

کرے ہمیں اس کی برکت سے اپنے اولیاء کے راستہ پر۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر

صَلٰوةً تُرْوِيْنَا بِهَا مِنْ شَرَابِ اَصْفِيَائِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

ایسا درود کہ سیراب کرے تو ہمیں اسکی برکت سے اپنے اصفیاء کی شراب سے۔ اے اللہ درود بھیج

سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُوْصِلُنَا بِهَا اِلَيْكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ پہنچادے تو ہمیں اسکی برکت سے اپنی طرف۔ اے اللہ درود بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُدِيْمُ بِهَا حُضُوْرَنَا اِلَيْكَ

ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ تو دائم بنادے اسکی برکت سے ہماری حاضری اپنی جناب میں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُهَوِّنُ بِهَا عَلَيْنَا

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ تو آسان بنادے اس کی برکت سے

سَكَرَاتِ الْمَوْتِ وَغَمَرَاتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا

ہمارے لئے موت کی مدہوشیاں اور سختیاں ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُجِيْرُنَا بِهَا مِنْ وَّحْشَةِ الْقَبْرِ وَكُرْبَتِهٖ

محمد پر ایسا درود کہ پناہ دے تو ہمیں اس کی برکت سے قبر کی وحشت اور سختی سے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَأُ بِهَا

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ بھر دے تو اس کی برکت سے ہماری

قُبُوْرَنَا بِاَنْوَارِ الرَّحْمَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ

قبروں کو رحمت کے انوار سے ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر

صَلٰوةً تَجْعَلُ بِهَا قُبُوْرَنَا رَوْضَةً مِّنْ رِّيَاضِ الْجَنَّةِ اَللّٰهُمَّ

ایسا درود کہ بنادے تو اس کی برکت سے ہماری قبروں کو جنت کے باغیچوں میں سے ایک باغیچہ ۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَحْشُرُنَا بِهَا مَعَ النَّبِيِّيْنَ

درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ تو جمع کرے ہمیں اس کی برکت سے انبیاء اور

وَالصِّدِّيْقِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً

صدیقین کے ساتھ ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ

تَبْعَثُنَا بِهَا مَعَ الشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

قبروں سے اٹھائے تو ہمیں اس کی برکت سے شہداء وصالحین کی معیت میں۔اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا

وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَمْنَحُنَا بِهَا قُرْبَهٗ وَشَفَاعَتَهٗ اَللّٰهُمَّ

اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ عطا فرمائے تو ہمیں اسکی برکت سے اپنے حبیب کا قرب اور شفاعت۔اے اللہ

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُفِیْضُ بِهَا عَلَیْنَا

درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ اُنڈیلے تو اس کی برکت سے ہم پر حضور کی

بَرَكَاتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَحْفَظُنَا

برکتوں کو۔اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ حفاظت کرے تو ہماری اس کی

بِهَا مِنْ كُلِّ سُوْءٍ یَّوْمَ الْقِیَامَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا

برکت سے ہر تکلیف سے قیامت کے دن ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی

مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَشْمَلُنَا یَوْمَ الْجَزَاءِ بِالرَّحْمَةِ وَالْكَرَامَةِ اَللّٰهُمَّ

محمد پر ایسا درود کہ گھیر لے تو ہمیں اس کی برکت سے قیامت کے روز رحمت اور کرامت سے ۔اے اللہ

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُثَقِّلُ بِهَا مِیْزَانَنَا اَللّٰهُمَّ

درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ بھاری بنادے تو اسکی برکت سے ہماری میزان کو۔اے اللہ

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُثَبِّتُ بِهَا عَلَی الصِّرَاطِ

درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ جمادے تو اس کی برکت سے صراط پر

اَقْدَامَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُدْخِلُنَا

ہمارے قدموں کو۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ داخل فرمائے ہمیں تو

بِهَا جَنّٰتِ النَّعِيْمِ بِلَا حِسَابٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا

اس کی برکت سے نعمت کی جنتوں میں بغیر حساب لئے۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُبِيْحُ لَنَا بِهَا النَّظَرَ اِلٰى وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ مَعَ

محمد پر ایسا درود کہ مباح کردے تو ہمارے لئے اس کی برکت سے اپنے وجہ کریم کی طرف نظر کرنا

الْاَحْبَابِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنْحِلُنَا

احباب کی معیت میں۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر ایسا درود کہ عطا فرمائے تو ہمیں

بِهَا حُبَّ اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ اَللّٰهُمَّ نَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ بِسَيِّدِ

اسکی برکت سے آپکی آل کی اور آپکے سب اصحاب کی محبت۔ اے اللہ ہم وسیلہ پکڑتے ہیں تیری طرف

الْمُرْسَلِيْنَ وَشَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ وَشَفِيْعِ الْاُمَّةِ اَللّٰهُمَّ

سید المرسلین کا، شفیع المذنبین ، نبی رحمت ، شفیع امت کا ۔ اے اللہ

بِحُرْمَتِهٖ عِنْدَكَ وَبِقَدْرِهٖ لَدَيْكَ نَسْأَلُكَ الْفَوْزَ عِنْدَ الْقَضَآءِ

آپکی اس عزت کے طفیل جو تیری جناب میں ہے اس قدر و منزلت کے طفیل جو تیری بارگاہ میں ہے ہم سوال کرتے ہیں تجھ سے

وَنُزُوْلَ الشُّهَدَآءِ وَعَيْشَ السُّعَدَآءِ وَالنَّصْرَ عَلَى الْاَعْدَآءِ وَمُرَافَقَةَ

کامیابی کا قضا کے وقت اور سوال کرتے ہیں گواہوں کے نزول کا اور نیک بختوں کی زندگی کا اور مدد کا دشمنوں پر اور

الْاَنْبِيَاۗءِ وَنَحْنُ عِبَادُكَ الضُّعَفَاۗءُ لَا نَعْبُدُ سِوَاكَ وَلَا نَطْلُبُ

انبیاء کی سنگت کا حالاں کہ ہم تیرے کمزور بندے ہیں، نہیں عبادت کرتے ہم تیرے سوا کی اور نہیں طلب کرتے

اِذَا مَسَّنَا الضُّرُّ اِلَّآ اِيَّاكَ فَاٰمِنْ رَوْعَاتِنَا وَاَجِبْ دَعْوَاتِنَا

جب پہنچتی ہے ہمیں کوئی تکلیف مگر تجھ سے، ہمارے خوفوں کو امن میں بدل دے اور ہماری دعاؤں کو قبول فرما

وَاقْضِ حَاجَاتِنَا فَاغْفِرْ ذُنُوْبَنَا وَاسْتُرْ عُيُوْبَنَا يَا رَحِيْمُ يَا كَرِيْمُ

اور ہماری حاجتوں کو پورا فرما، بخش دے ہمارے گناہوں کو اور ڈھانپ لے ہمارے عیبوں کو، اے رحیم، اے کریم

يَا حَلِيْمُ وَارْحَمْنَا اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَبِالْاِجَابَةِ جَدِيْرٌ

اے حلیم اور ہم پر رحم فرما بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے اور دعا قبول کرنا تیری شان کے شایاں ہے

نِعْمَ النَّصِيْرُ يَا عَلِيُّ يَا عَظِيْمُ يَا عَلِيْمُ يَا حَكِيْمُ اَللّٰهُمَّ اِنَّا عِبِيْدُكَ

تو بہترین کارساز ہے یا علی یا عظیم یا علیم یا حکیم ۔ اے اللہ ہم تیرے بندے ہیں

وَجُنْدٌ مِّنْ جُنُوْدِكَ مُتَعَلِّقُوْنَ بِجَنَابِ نَبِيِّكَ مُتَشَفِّعُوْنَ

اور تیرے لشکروں میں سے ایک لشکر ہیں جو تیرے نبی مکرم کی بارگاہ سے وابستہ ہیں، ہم شفیع لاتے ہیں

اِلَيْكَ بِحَبِيْبِكَ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ وَيَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَصَلَّى

تیری جناب میں تیرے حبیب کو، اے سارے جہانوں کے پروردگار اور سب سے زیادہ رحمت کرنے والے اور درود

اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَاِمَامِ الْمُرْسَلِيْنَ

بھیجے اللہ ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد پر جو خاتم النبیین ہیں اور امام المرسلین ہیں

وَارْضَ عَنْ اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖٓ اَجْمَعِيْنَ ۞ سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ

اور راضی ہوجا آپ کی آل سے اور آپ کے تمام صحابہ سے۔ اے حبیب تیرا رب جو

الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ

عزت والا رب ہے ان نقائص سے پاک ہے جسکو وہ بیان کرتے ہیں اور سلام ہو تمام رسولوں پر اور سب تعریفیں اللہ تعالیٰ

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۞

کے لئے جو رب العالمین ہے۔

اَللّٰهُمَّ يَا رَبِّ بِجَاهِ نَبِيِّكَ الْمُصْطَفٰى وَرَسُوْلِكَ الْمُرْتَضٰى طَهِّرْ قُلُوْبَنَا مِنْ كُلِّ
وَصْفٍ يُّبَاعِدُنَا عَنْ مُّشَاهَدَتِكَ وَمَحَبَّتِكَ وَ اَمِتْنَا عَلَى السُّنَّةِ وَالْجَمَاعَةِ
وَالشَّوْقِ اِلٰى لِقَآئِكَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِقَارِئِهٖ وَلِكَاتِبِهٖ وَارْ
حَمْهُمْ وَاجْعَلْهُمْ مِنَ الْمَحْشُوْرِيْنَ فِيْ زُمْرَةِ النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ
وَالصَّالِحِيْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِفَضْلِكَ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ
مُوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔





*Designers :*
*Syed Mohammed Subhan &*
*Mohammed Ismail Hussain*